PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS
MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

Recognized By Government of Pakistan

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org

**Ref: PCSUMEA/EC-11/2024** **Dated: 07-09-2024**

To,
**The all Executive Committee Members**
**PCSUMEA.**

**SUBJECT:** **3rd EXECUTIVE COMMITTEE MEETING**

Dear Sir,

It is intimated that the **3rd Executive Committee Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Monday 11$^{th}$ November 2024** at **12:00 (pm)** under the supervision of **Chairman.**

We request to all the Executive Committee members to attend the meeting at the specified date and time.

**AGENDA OF THE MEETING IS AS UNDER:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Approval of 2$^{nd}$ Executive Meeting Minutes.
3. Briefing on visit by PITAD officers Islamabad along with TDAP Officials on 28-11-2024 of PCSUMEA.
4. Consultative Session on Hearing date fixed 12-11-2024 on post-election complaint filed before DGTO.
5. Briefing on upcoming meeting with MD PSIC at Lahore Proposed date 13-11-2024.
6. Consultative Session and approval of Single Country Exhibition Jeddah Saudi Arabia by TDAP
7. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 3rd EC MEETING MINUTES 11-11-2024

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن وزیر آباد کی تیسری ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ مورخہ 11 نومبر 2024 زیر صدارت جناب چیئرمین محمد جمال بھٹہ صاحب میٹنگ ہال میں منعقد کی گئی۔ سیکرٹری جنرل صاحب نے میٹنگ کورم مکمل ہونے کے بعد چیئرمین صاحب سے کہا کہ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز شروع کر سکتے ہیں۔

## RECITATION OF HOLY QURAN

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز ایگزیکٹو ممبر شفاقت نذیر نے تلاوت قران پاک سے کیا۔

## APPROVAL OF 2nd EXECUTIVE COMMITTEE MEETING MINUTES

چیئرمین صاحب کی اجازت سے سیکرٹری صاحب نے دوسری ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ کے منٹس کی اپروول کے لیے منٹس کی کاروائی تمام ایگزیکٹو ممبران کے ساتھ واٹس ایپ گروپ میں شئیر کی اور ایک ایک پیراپڑھ کے سنایا اور بریف بھی کیا کہ اگر اس میں کچھ تبدیلی کرنی ہے تو مجھے بتادیں ایگزیکٹو کمیٹی نے کہا کہ ہم سب اس کی اپروول دیتے ہیں۔ اس کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی ممبرز نے ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منٹس کی اپروول دے دی۔

## BRIEFING ON VISIT BY PITAD OFFICERS ISLAMABAD ALONG WITH TDAP OFFICIALS ON 28-11-2024 OF PCSUMEA

چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ ہمارے پاس 28 نومبر کو ایک وفد جس میں 16 افراد شامل ہیں ایسوسی ایشن میں میٹنگ کرنے آرہے ہیں۔ یہ TDAP کے ٹریننگ آفیسر ہے اور ان کا تعلق کامرس ٹریڈ گروپ سے ہے۔ یہ PSP آفیسرز ہیں۔ ان کے ساتھ TDAP کے چار افسران بھی آرہے ہیں یہ لیٹر TDAP گوجرانوالہ کی طرف سے موصول ہوا ہے۔ سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے اس کے متعلق مزید بتایا کہ یہ مڈ کیریئر افسران ہیں۔ ان کی پوسٹنگ مختلف اداروں میں ہوئی ہے اور اب یہ ٹریننگ کے لیے پنجاب میں آرہے ہیں۔ یہ پنجاب میں سیالکوٹ، گوجرانوالہ، گجرات اور وزیر آباد کو وزٹ کریں گے۔ ہماری ایسوسی ایشن میں یہ ایک دن ہمارے ساتھ رہیں گے اور انہوں نے اپنا شیڈول بھی ہمارے ساتھ شیئر کیا ہے۔ ایسوسی ایشن میں ایک تعارفی میٹنگ ہوگی اور اس کے بعد ہم ان کو 2 انڈسٹری یونٹ وزٹ کروائیں گے۔ جس میں ایک یونٹ ٹیبل ویئر کٹلری اور دوسرا نان ٹیبل ویئر کٹلری کا ہوگا آخر میں ہم اس وفد کے لیے ایک ڈنر کا اہتمام کریں گے یہ ایک ہائی پروفائل وفد ہے اور ان کے ساتھ سکیورٹی کے لوگ بھی ہوں گے ہمیں اس وزٹ کو ایک اچھے طریقے سے ترتیب دینا ہے۔

ہاؤس میں موجود ممبرز نے بتایا کہ ایسوسی ایشن ہمارے ذمے جو ذمہ داری لگائے گی وہ ہم احسن طریقے سے سرانجام دیں گے اور اس وفد کے انڈسٹری وزٹ کو بھی اچھے طریقے سے کروائیں گے۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD



Scanned with CamScanner

چیئرمین صاحب نے ہاؤس میں موجود تمام ممبرز سے درخواست کی کہ اپ 28 نومبر کو تھوڑا سا وقت نکال کر اس میٹنگ میں ضرور شرکت کریں۔

**CONSULTATIVE SESSION ON HEARING DATE FIXED 12-11-2024 ON POST-ELECTION COMPLAINT FILED BEFORE DGTO**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ پوسٹ الیکشن کمپلینٹ کی ہیرنگ ڈائریکٹر جنرل آفس میں 12 نومبر کو ہونی تھی لیکن اب یہ ہیرنگ 20 نومبر کو صبح 11 بجے ہوگی کمپلینٹ کے وکیل نے اس ہیرنگ کو ملتوی کروادیا ہے۔ ایسوسی ایشن سے آفس بیررز، سیکرٹری جنرل، لیگل ایڈوائزر اور الیکشن کمیشنر شرکت کریں گے۔ ایسوسی ایشن کے لیگل ایڈوائزر نے ہمیں پاور آف اٹارنی بھیجی ہے۔ جس میں وہ آپ ایگزیکٹو ممبرز کی جگہ خود پیش ہوں گے آپ ممبرز سے گزارش ہے کہ اس پاور آف اٹارنی کو پڑھ لیں اور اس کے اوپر دستخط کر دیں۔ چیئرمین صاحب نے مزید بتایا کہ لیگل ایڈوائزر صاحب نے اس سارے کیس کا بل 50000 روپے بھی ہمارے ساتھ شیئر کیا ہے ایسوسی ایشن یہ بل کے متعلق لیگل ایڈوائزر سے بات کرے گی کہ اس بل پر نظر ثانی کرے۔ چیئرمین صاحب نے سیکرٹری صاحب سے کہا کہ آپ ایگزیکٹو ممبران سے پاور آف اٹارنی پر دستخط کروالیں۔

**BRIEFING ON UPCOMING MEETING WITH MD PSIC AT LAHORE PROPOSED DATE 13-11-2024**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ پنجاب سمال انڈسٹری کارپوریشن کی مینجنگ ڈائریکٹر لاہور کے ساتھ ہماری میٹنگ 13 نومبر کو ہونے جا رہی ہے۔ میٹنگ کے ایجنڈا کا ڈرافٹ آپ کے ساتھ شیئر بھی کیا گیا ہے۔ آفس بیررز اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ میٹنگ میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے حوالے سے بجلی کی دستیابی اور ٹرانسفر آف پلاٹ کی ون ٹائم پالیسی کے امور پر بات ہوگی۔ اس میٹنگ میں ریجنل ڈائریکٹر گجرانوالہ بھی شرکت کریں گے۔

**CONSULTATIVE SESSION AND APPROVAL OF SINGLE COUNTRY EXHIBITION JEDDAH SAUDI ARABIA BY TDAP**

سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ سنگل کنٹری ایگزیبیشن کی فیس TDAP نے کم کر دی ہے۔ پہلے TDAP نے 550000 روپے کی تھی لیکن اب کٹلری ایسوسی ایشن کی خصوصی درخواست پر 200000 روپے کر دی ہے۔ ہم نے TDAP سیالکوٹ کے ڈائریکٹر جنرل صاحب سے کم از کم 15 سٹال کی بکنگ کا وعدہ کیا ہے جو ہم نے ہر حال میں پورا کرنا ہے۔ اور یہی لوگ ائندہ امریکہ جانے والے وفد میں شامل ہوں گے۔ ہم اپنے ممبرز کو اس ایکسپو میں ہر ممکن سہولیات فراہم کریں گے۔ اس کے لیے ہم دوبارہ اپنے ممبرز کو سرکلر کریں گے اور سارے طریقہ کار کی وضاحت دیں گے۔ اپ ایگزیکٹو ممبر سے میں اس کی اپروول چاہوں گا۔

ہاؤس نے سنگل کنٹری ایگزیبیشن جدہ کی اپروول دے دی۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD



Scanned with CamScanner

**OTHER POINTS**

چیئرمین صاحب نے ہاؤس کی توجہ ممبر شپ کی طرف دلوائی کہ آپ ایگزیکٹو ممبرز ایسوسی ایشن کی ممبر شپ بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں ۔ ہم نے اس سال نئی ممبر شپ میں اضافہ کرنا ہے اور اس کے ساتھ تجدید برائے ممبر شپ کو بھی قائم رکھنا ہے۔

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ سیکرٹری صاحب نے مجھے ایک درخواست دی ہے۔ جس میں وہ ماہانہ فیول میں اضافہ اور بحالی کا ذکر کر رہے ہیں ان کا فیول اکتوبر اور نومبر کا نہیں دیا گیا۔ پچھلی رجیم سیکرٹری صاحب کو ماہانہ فیول کی مد میں 5 ہزار روپے دے رہی تھی۔ جبکہ ایسوسی ایشن نے دو سال سے سٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا ہے۔ چیئرمین صاحب نے بتایا کہ ہم سٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ کر دیتے ہیں۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے ایسوسی ایشن سٹاف کی تنخواہوں میں سالانہ 10 فیصد اضافہ کرتی ہے اور اس کا اطلاق دسمبر 2024 کی تنخواہوں میں کر دیا جائے گا۔

آخر میں چیئرمین صاحب نے میٹنگ میں شامل ہونے والے ایگزیکٹو ممبران کا شکریہ ادا کیا اور اس کے ساتھ میٹنگ برخاست ہو گئی۔

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

Issued on dated
24/12/24

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS
MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G. T. ROAD
WAZIRABAD



Scanned with CamScanner
CamScanner